# 26861 - چہرے پر پاؤڈر لگانے کا حکم

**سوال**

عورت کا زینت کے لیے چہرے پر پاؤڈر لگانے کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

پاؤڈر کا مسئلہ تفصیل طلب ہے:

اگر تو اس سے خوبصورتی حاصل ہوتی ہو، اور وہ چہرے کو نقصان نہ دے، اور نہ ہی وہ کسی اور چیز کا سبب بنے تو اس میں کوئی حرج نہیں.

لیکن اگر وہ کسی چیز کا باعث بنتا ہے مثلا سیاہ دھبہ بنا دے، یا اس میں کوئی اور نقصان پیدا ہوتا ہو تو پھر نقصان کی بنا پر اسے منع کیا جائےگا.

اللہ تعالی ہی مدد کرنے والا ہے.